© rasailojaraid.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

رسالہ

# مرقع قادیانی

نمبر ۱۱ | بابت اپریل ۱۹۰۸ء | جلد ۱

## گلدستہ قادیانی

کرشن جی نے اپنی گیارہ سالہ لڑکی کا نکاح میاں محمد علیخان رئیس مالیر کوٹلہ مہاجر قادیاں سے ۵۶ ہزار روپے مہر پر کر دیا ہے (قادیانی جماعت تو اس تعلق سے بہت خوش ہے مگر ہمیں بعض وجوہ سے لڑکی کی صحت بلکہ زندگی کی فکر ہے) +

مرزا جی کو الہام ہوا ہے کہ یا مسیح اللہ عدوانا جسکا ترجمہ کیا ہے اے اللہ کے مسیح ہماری شفاعت کر (کیا کوئی مرزائی ہمیں بتلا سکتا ہے کہ یہ کس لفظ کا ترجمہ ہے؟) +

۷ مارچ کو الہام ہوا "ماتم کدہ" (بدستور مضمون در بطن قائل) پھر غنودگی میں دیکھا ایک جنازہ آتا ہے (واہ سبحان اللہ کیا واضح مکاشفہ ہے جسمیں ذرہ بھر بھی شک نہیں۔ دوست دشمن سب کو شامل ہے) +

کرشن جی کو الہام ہوا ہے انی معک فی السماء والارض (میں دفعا) تیرے ساتھ ہوں آسمان اور زمین میں (کیا کہتے ہیں جب ہی تو ہر باتیں سچی اترتی ہیں) +

۹ فروری کو الہام ہوا انت امام مبارک۔ لعنت اللہ علی من کفر۔ منکر پر اسکی لعنت (کیا خوب طفل تسلی ہے) +

کرشن جی کو آجکل الہامات کیطرف سے قحط سالی ہے

© rasailojaraid.com